مطبوعات

VOICE of Islam جمعیتہ الفلاح کراچی کا آرگن۔ بہ ادارت محمد فضل الرحمٰن انصاری۔ چندہ سالانہ دس روپے۔

انگریزی زبان کا یہ شاندار ماہنامہ جمعیت الفلاح کے گوناگوں تہذیبی، معاشرتی، علمی اور تبلیغی مقاصد کا خادم ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی فکر کے احیاء کا علمبردار بن کر نمودار ہوا ہے۔ موجودہ تمدن فاسد کی حقیقت کو واضح کر کے اس کی مرعوبیت و تقلید سے نوجوانوں کو نکالنا اور جدید نظریات کے مقابلے میں زندگی کے ہر اجتماعی مسئلے پر اسلامی نظریات کی برتری کو نمایاں کرنا اس کے اولین مقاصد میں سے ہے۔ اب تک دو نمبروں میں چوٹی کے اہلِ علم کے جو مقالات پیش کیے گئے ہیں وہ بڑے امید افزا ہیں۔ مختلف الخیال اہلِ علم کی تحریروں کے تنوع کے باوجود بہ حیثیتِ مجموعی اسلام کا صحیح سماجی تصور نمایاں طور پر جھلکتا ہے۔ ظاہری محاسن کا معیار اتنا بلند ہے، جتنا کہ بحالاتِ موجودہ ممکن تھا۔ ہم صدق دل سے اس جریدے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

ALQAMAR جاری کردہ شیخ عبداللطیف صاحب۔ مقامِ اشاعت: ملاٹن پریس لاہور۔ چندہ سالانہ للعہ سنی پرچہ ۶ر

یہ ایک اور چھوٹا سا انگریزی ماہنامہ ہے جو اچھے خیالات کے ساتھ نمودار ہوا ہے۔ پاکستان اسلامی ریاست بننے کے لیے جس رفتار سے ارتقاء کر رہا ہے یہ عین اُس کا تقاضا ہے کہ اس طرح کے جریدے اُبھریں اور مستقبل کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اپنے آپ کو مضبوط طاقت بنائیں۔ ہم نے اس جریدے کے تین چار نمبر دیکھے ہیں اور ہر نمبر میں صحیح اسلامی طرزِ فکر کو نمایاں پایا ہے۔ اس وقت جو تازہ شمارہ سامنے ہے اس کے اداریہ میں مسلمان نوجوانوں کو اسلام کے بارے میں انتشار سے نکالنے کے لیے پانچ نکات کا ایک جامع فارمولا پیش کیا گیا ہے۔ یہ ریاضیاتی مزاج کا فارمولا صحیح نقطۂ نظر کو بنانے میں نہایت مفید ثابت ہو سکتا ہے